بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز بدھ 29 دسمبر 2021ء 24 جمادی الاول 1443ھ | شمارہ 172 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

بارڈر پر یوریا کی سمگلنگ روکنے کیلئے اقدامات پر سخت کیے جائینگے، مطہر نیاز رانا

صوبے میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بلٹی چیک کی جائے اور ان کا نمبر چیک کیا جائے، غلط بلٹی نمبر لگانے والوں کیخلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے، چیف سیکرٹری بلوچستان

یوریا کی غیر قانونی سمگلنگ روکنے کیلیے پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا کی طرف سے صوبے کے انٹری پوائنٹس پر فورسز تعینات کیے جائیں، اینٹی سمگلنگ اور بارڈر کنٹرول بارے منعقدہ اجلاس کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری مطہر نیاز رانا کی زیر صدارت اینٹی سمگلنگ اور بارڈر کنٹرول کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں، آئی جی پولیس محمد طاہر رائے، سیکرٹری خوراک محمد ایاز مندوخیل، سیکرٹری فشریز بابر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمٰن بلوچ، جبکہ ڈویژنل کمشنرز، مختلف اضلاع کے ڈپٹی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہنگو' کمرے میں گیس بھر جانے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں گھر کا سربراہ، اہلیہ، ایک جواں سال بیٹی اور تین کمسن بچے شامل ہیں

کوہاٹ (این این آئی) ہنگو میں ایک مکان کے کمرے میں گیس بھر جانے کی وجہ سے دم گھٹنے کے باعث ایک ہی خاندان کے چھ افراد زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ جاں بحق ہونے والوں میں گھر کا سربراہ، اہلیہ، ایک جواں سال بیٹی اور تین کمسن بچے شامل ہیں۔ ریسکیو 1122 ہنگو کے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اشتہار برائے ملازمت 13 دسمبر اور سلیکشن کمیٹی کے نوٹیفکیشن 10 دسمبر 2021 معطل

عدالت نے آئینی درخواست سماعت کے لئے منظور کرلی، سماعت سردیوں کی تعطیلات کے بعد مقرر کردی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ پر مشتمل تعطیلات کے دوران ڈویژن بنچ کے اختیارات کے تحت محکمہ آبپاشی حکومت بلوچستان کے اشتہار مجریہ 13.12.21 جو اخبارات میں شائع کرتے ہوئے 1-5 گریڈ کے امیدواروں سے 31 دسمبر 2021 تک

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سراوان ہاؤس میں سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی سے ملاقات کررہے ہیں، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی اور عمائدین بھی موجود ہیں

تمام اضلاع کی ترقی یکساں اہمیت رکھتے ہیں، قدوس بزنجو

خاص طور سے پسماندہ علاقوں کو ترقیاتی عمل میں ترجیح دی جائیگی، جلد مستونگ کا دورہ کرکے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مسائل وضروریات کا جائیزہ لینگے

بلوچستان کے منتخب اراکین اسمبلی کو ان کیمرہ بریفنگ دی، ریکوڈک کے حوالے سے کوئی چیز خفیہ نہیں رکھی ہے، بند کمروں کی بجائے صوبے کے منتخب نمائندوں سے مشورہ کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن+نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے منگل کے روز ساروان ہاؤس میں سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی چیف آف ساروان نواب محمد اسلم خان رئیسانی سے ملاقات کی اس موقع پر سیاسی صورتحال

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے زمیندار ایکشن کمیٹی کا وفد رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر شاہوانی کی قیادت میں ملاقات کررہا ہے، صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی و دیگر بھی موجود ہیں

حکومت بلوچستان نے محکمہ صحت کے دونوں محکموں کو دوبارہ ضم کردیا

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے محکمہ صحت کے دونوں محکموں کو دوبارہ ضم کردیا۔ منگل کو حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خطے میں امن واستحکام کیلئے پاکستان پرعزم ہے، جنرل قمر جاوید باجوہ

آرمی چیف سے یونانی سفیر آندریس پاپاستوروکی الوداعی ملاقات، باہمی دلچسپی افغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے یونانی سفیر آندریس پاپاستورو نے الوداعی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی، علاقائی سیکیورٹی اور افغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی خواتین صلاحیتوں میں کسی سے کم نہیں ہیں، گورنر بلوچستان

یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر جان محمد اور انکی پوری ٹیم کی انتھک کاوشیں قابل تحسین ہیں، سید ظہور آغا

تربت یونیورسٹی کے قیام سے تربت اور دیگر متصل علاقوں کے نوجوانوں کیلئے ہائیر ایجوکیشن کے حصول کو ممکن بنانا، واقعتاً ایک خوش آئند اقدام ہے

تربت (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا اپنے دو روزہ دورے کے آخری مرحلے میں یونیورسٹی آف تربت گئے جہاں وائس چانسلر یونیورسٹی آف تربت پروفیسر ڈاکٹر جان محمد نے گورنر بلوچستان کو تربت یونیورسٹی کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تربت یونیورسٹی کے قیام سے تربت اور دیگر متصل علاقوں کے نوجوانوں کیلئے ہائیر ایجوکیشن کے حصول کو ممکن بنانا، واقعتاً ایک خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی آف

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، صالح بھوتانی

ہزار گنجی فروٹ وسبزی مارکیٹ کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں گے

تاجروں، زمینداروں، کمیشن ایجنٹس اور دیگر مزدوروں کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائے گی، وزیر بلدیات بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ہزار گنجی فروٹ وسبزی مارکیٹ کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں گے تاجروں، زمینداروں، کمیشن ایجنٹس اور دیگر مزدوروں کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائے گی سینئر صوبائی وزیر و وزیر بلدیات بلوچستان سردار صالح بھوتانی سے آل بلوچستان آڑھتیان فروٹ اینڈ ویجیٹیبل کمیشن ایجنٹ ایسوسی ایشن کے صدر حاجی ظاہر بڑیچ کی قیادت میں وفد نے پیر صاحب ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی ملاقات کی وفد میں چیئرمین سید رازمحمد آغا جنرل سیکرٹری حاجی ظہور کاکڑ، پیر صاحب پیر ضیاء، ودیگر شامل

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، یوریا کھاد اوپن مارکیٹ میں نایاب

ڈیلرز 3 ہزار روپے میں فی بوری فروخت کرنے لگے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) یوریا کھاد کی بلیک مارکیٹنگ اوپن مارکیٹ نایاب ڈیلرز 3 ہزار روپے میں فی بوری فروخت کرنے لگے زمیندار اور کسان

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی کابینہ کے اجلاس میں فنانس ترمیمی بل یعنی منی بجٹ پیش نہ ہوسکا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ کے اجلاس میں فنانس ترمیمی بل یعنی منی بجٹ پیش نہ ہوسکا۔

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سابق رکن قومی اسمبلی سلمان مجاہد کے برادر نسبتی لفٹ حادثے میں جاں بحق

کراچی (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی سلمان مجاہد بلوچ کے برادر نسبتی لفٹ حادثے میں

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان بھر میں اومیکرون کے 75 کیسز کی تصدیق

کووڈ-19 کی نئی قسم اومیکرون کا پاکستان میں پہلا کیس 13 دسمبر کو کراچی میں رپورٹ ہوا تھا، این آئی ایچ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) نے کہا ہے کہ ملک میں اب تک کووڈ-19 کی نئی قسم اومیکرون کے مجموعی 75

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ خوراک میں گندم کی بوریوں میں کروڑوں روپے کی کرپشن کا فیصلہ آگیا

احتساب عدالت نے پی آر سی انچارج حب لسبیلہ کو 5 سال قید، 10 کروڑ 52 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی، ملزم گرفتار، جیل بھجوادیا گیا

ملزم دس سال کے لئے کسی بھی عہدے کے لئے نا اہل تصور کیا جائے گا، ملزم کسی بھی بینک سے کسی قسم کا قرض اور مالی فائدہ نہیں حاصل کر سکے گا

کوئٹہ (این این آئی) احتساب عدالت کوئٹہ نے قومی خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچانے کا جرم ثابت ہونے اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر اور پی آر سی انچارج حب لسبیلہ امیر بخش کھوسہ کو 5 سال قید اور 10 کروڑ 52 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی ہے۔ عدالت کے احکامات کے فوراً بعد ملزم کو جیل منتقل کردیا گیا ہے۔ احتساب عدالت کوئٹہ کے جج منور احمد شاہوانی نے نیب بلوچستان کی تحقیقات، دلائل اور ملزم کے خلاف ناقابل تردید ثبوتوں کی روشنی میں فیصلہ سنایا۔ نیب کی جانب سے سینئر پراسیکیوٹر ضمیر چھلگری نے کیس کی پیروی کی۔ نیب

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ڈاکٹروں کیخلاف درج ایف آئی آر واپس لے لی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گرفتار ڈاکٹروں کے خلاف درج ایف آئی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اساتذہ ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہے، قدوس بزنجو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے ایس ایس ٹی فورم بلوچستان کے نمائندہ وفد نے ملک مقبول احمد کی قیادت میں یہاں

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین لیویز فورس کی برشور میں کارروائی

کوئٹہ سے اغواء ہونیوالی سات سالہ بچی بازیاب کرالی، مبینہ اغواء کار بھی گرفتار

پشین (این این آئی) پشین لیویز نے برشور میں کاروائی کے دوران کوئٹہ سے اغواء ہونیوالی سات سالہ بچی بازیاب کرکے مبینہ اغواء کار کو گرفتار کرلیا،

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خوراک کا تعلق براہ راست انسانی صحت سے وابستہ ہے، مرک اچکزئی

ناقص اشیاء خوردونوش تیار وفروخت کرنے والے کسی رعایت کا مستحق نہیں، صوبائی وزیر خوراک

بحیثیت صوبائی وزیر خوراک میری کوشش ہوگی کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ذریعے عوام کو صحت بخش وملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ ناقص اشیاء خوردونوش تیار و فروخت کرنے والے کسی رعایت کا مستحق نہیں، خوراک کا تعلق براہ راست انسانی صحت سے وابستہ ہے، بحیثیت صوبائی وزیر خوراک میری کوشش ہوگی کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ذریعے عوام کو صحت بخش و ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے صنعتی ترقی (UNIDO) کے زیر اہتمام بی ایف اے کے آفیسران کیلئے منعقدہ دو روزہ تربیتی ورکشاپ کی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

قومی سلامتی پالیسی پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں نہیں لیا گیا، رضا ربانی

قومی سلامتی پالیسی کو پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی میں تشکیل دیا جانا چاہیے تھا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی نے کہا ہے کہ سلامتی پالیسی پر پارلیمنٹ کی نہ رائے لی گئی اور نہ ہی اسے اعتماد میں لیا گیا ہے۔ ایک بیان میں سینئر سیاستدان نے کہا کہ قومی سلامتی پالیسی کو

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی ولی الرحمٰن کے انتقال پر رضا الرحمٰن سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو ایکسپریس نیوز کے بیورو چیف رضا الرحمٰن کی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں گزشتہ 15 سالوں سے 3 گنا زیادہ سڑکیں بن رہی ہیں، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان میں گزشتہ 15 سالوں سے 3 گنا زیادہ سڑکیں بن

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نواز شریف خود نہیں آئینگے ہم واپس لائیں گے، فواد چوہدری

ملزمان کی حوالگی پر برطانیہ سے بات کررہے ہیں، ملکر قانون سازی کرینگے، رانا شمیم کیس میں سیسلین مافیا بے نقاب ہوا، اپوزیشن رہنما دیہاڑی دار سیاست دان ہیں

حکومت کی گرانے کی باتیں پہلے بھی ہوئیں اب بھی ہورہی ہیں، مارچ کی پہلی بھی کئی تاریخیں دی جاچکی ہے، میڈیا عوام کے سامنے لائے، معید یوسف کے ہمراہ میڈیا کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف خود پاکستان نہیں آئینگے، ہم واپس لائیں گے، ملزمان کی حوالگی پر برطانیہ سے بات کررہے ہیں، ملکر قانون سازی کرینگے، رانا شمیم کیس میں سیسلین مافیا بے نقاب ہوا، اپوزیشن رہنما دیہاڑی دار سیاست دان ہیں، حکومت کی گرانے کی باتیں پہلے بھی ہوئیں اب بھی ہورہی ہیں، مارچ کی پہلی بھی کئی تاریخیں دی جاچکی ہے، میڈیا عوام کے سامنے لائے، نواز شریف اور زرداری نے ملک کو نقصان پہنچایا اس لئے آئی ایم ایف کے پاس جانا پڑ

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر زمرک اچکزئی بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی موبائل ٹیسٹنگ لیبارٹریز کا افتتاح کررہے ہیں

نیشنل سیکیورٹی پالیسی استحکام پاکستان میں اہم سنگ میل ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

وفاقی کابینہ نے ملک کی پہلی 'قومی سلامتی پالیسی' کی منظوری دے دی، پوری تندہی سے عملدرآمد کیا جائیگا، پالیسی کو ابھی تک عوام کے سامنے نہیں لایا گیا، ڈاکٹر معید یوسف

ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے اور عالمی صورتحال کے پیش نظر تیار کردہ قومی سیکیورٹی پالیسی میں دیئے گئے ویژن کے حصول کیلئے مسلح افواج اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی، میجر جنرل بابر افتخار

راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے واضح کیا ہے کہ نیشنل سیکیورٹی پالیسی پاکستان کی قومی سلامتی کے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک میں کورونا سے مزید 3 افراد چل بسے، 291 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں کورونا سے مزید

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سیالکوٹ میں قرنطینہ سینٹر سے فرار ہونیوالے 15 میں سے 3 افراد واپس آگئے

سیالکوٹ (این این آئی) سیالکوٹ میں قرنطینہ سینٹر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تاریخ میں پہلی بار کسان دوست پالیسی متعارف کروائی گئی، خسرو بختیار

جنوری کے اوائل میں سندھ اور پنجاب میں پانی کی وارابندی شروع ہونے جارہی ہے، فخر امام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار خسرو بختیار نے کہا ہے کہ حکومت نے ملکی تاریخ میں پہلی بار کسان دوست پالیسی متعارف کروائی ہے، ملکی تاریخ میں پہلی بار حکومت نے کسان دوست پالیسی متعارف کروائی، کسان کو بتانا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی سی آئی ویبینار، 9 ایشیائی ممالک نے بی آر آئی سے حاصل ہونیوالے ثمرات پر روشنی ڈالی

سی پیک اور بی آر آئی کے ذریعے سے عوام کو ثمرات حاصل ہورہے ہیں، مشاہد حسین سید کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان چائینہ انسٹیٹیوٹ (پی سی آئی) نے علاقائی اقتصادی رابطے پر ایک غیر معمولی نوعیت کا حامل 9 ملکی کانفرنس کی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حلقہ کے عوام سے کیے گئے وعدوں پر عمل جاری ہے، ضیاء لانگو

ہمیں بلوچستان کے دور دراز علاقوں کا خیال ہے جہاں جہاں بھی ممکن ہوا بلوچستان میں انٹرنیٹ اور موبائل سروس پہنچائینگے، امین الحق

ہمارا مقصد حلقے کے مسائل عوام کو انکی دہلیز پر حل کرنا ہے، ضلع قلات کی ترقی اور عوام کی خوشحالی ہماری ترجیحات میں سرفہرست ہیں، گفتگو

اسلام آباد (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ وقبائلی امور میر ضیا کاللہ لانگو نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن امین الحق سے ملاقات کی ملاقات میں صوبائی مشیر داخلہ نے ضلع قلات کے عوام کو درپیش انٹرنیٹ اور موبائل سروس کے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن امین الحق نے ضلع قلات میں انٹرنیٹ اور موبائل سروس کی بحالی کو مذید تیز اور موثر بنانے کے حوالے سے کہا کہ جنوری کے اوائل میں آئی ٹی ڈپارٹمنٹ کی طرف سے ایک ٹیکنیکل ٹیم ضلع قلات کا دورہ کریگی جہاں وہ پی ٹی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، سینئر صوبائی وزیر سردار صالح بھوتانی سے آل بلوچستان آڑھتیان فروٹ اینڈ ویجیٹیبل کمیشن ایجنٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران ملاقات کررہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کی گڑھی خدا بخش میں شہدائے جمہوریت کے مزارات پر حاضری

لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے منگل کی صبح گڑھی

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

2021 میں ایٹمی سائنسدان عبدالقدیر خان سمیت پاکستان کی کئی نامور شخصیات الوداع کہہ گئیں

ممنون حسین، مشاہد اللہ خان عمر شریف، سید علی گیلانی، ممتاز بھٹو، سہیل اصغر و دیگر نامور شخصیات ہم سے بچھڑ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) 2021 میں ایٹمی سائنسدان عبدالقدیر خان سمیت کئی نامور شخصیت ہم سے بچھڑ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق 2021 میں

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بارش برسانے والا مغربی سسٹم کراچی سے نکل گیا ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ کراچی سے بارش برسانے والا مغربی سسٹم نکل

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم عمران خان (آج) سی پیک کے ویسٹرن روٹ کا افتتاح کرینگے

بکلہ ڈیرہ اسماعیل خان موٹروے کی تکمیل سے یہاں کی زرعی اجناس کی ترسیل بہت آسان ہوجائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان (آج) بدھ کو سی پیک کے ویسٹرن روٹ ''بکلہ سے ڈیرہ اسماعیل خان موٹروے کی تعمیر کی شکل میں

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

منی بجٹ منظور ہوا تو نیا سال مہنگائی کا بدترین سال بن جائیگا، شہباز شریف

پارلیمنٹ عوام کے مفادات کیلئے کھڑی نہ ہوئی تو اسے عوامی نمائندہ ادارہ نہیں سمجھا جائیگا' صدر مسلم لیگ (ن)

حکومتی اعتراف سے عمران نیازی کے سستے پاکستان کی نفی ہوگئی، قومی اسمبلی میں چینی کی پیداوار میں کمی کا حکومتی اعتراف اس کے پہلے دعوؤں کی نفی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے کہا ہے کہ منی بجٹ سے ملکی حالات بہتر ہونے کے بجائے مزید بدترین ہوجائیں گی، منی بجٹ منظور ہوا تو نیا سال قوم کے لئے مہنگائی کا بدترین سال بن جائے گا، حکومت آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کے لئے پارلیمنٹ کو ربر سٹیمپ بنانا چاہتی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ منی بجٹ دراصل پارلیمنٹ کی خودمختاری پر بھی حملہ ہے، پارلیمنٹ عوام کے مفادات کے لئے کھڑی نہ ہوئی تو اسے عوامی نمائندہ ادارہ نہیں سمجھا جائے گا، منی بجٹ مسلط کرنے سے بہتر ہوگا حکومتی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ پریس کانفرنس کررہے ہیں

نواز شریف نے بغیر مکمل ہوم ورک عدم اعتماد کی مخالفت کردی

اپوزیشن لیڈر کو دوسری اپوزیشن جماعتوں سے مل کر منی بجٹ کی منظوری روکنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن)

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بڑے آدمی کی ہر چیز ریگولرائز ہوجاتی ہے، ہائیکورٹ

عدالت کسی غریب کی جھگی نہیں گرانے دے گی، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت اور آپٹما کے درمیان گیس فراہمی کا معاہدہ ہوگیا

سوئی ناردرن ٹیکسٹائل انڈسٹری کو یومیہ ساڑھے 7 کروڑ مکعب فٹ گیس فراہم کرے گی، گیس کی فراہمی مرحلہ وار بڑھائی جائیگی، شاہد ستار

ٹیکسٹائل ملیں انرجی ایفیشنسی آڈٹ جمع کروائیں گی، 30 جون تک ایسا نہ کرنے پر گیس کی فراہمی مستقل طور پر منقطع کردی جائے گی، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت اور آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (آپٹما) کے درمیان گیس فراہمی کا معاہدہ ہوگیا، آپٹما نے عدالتوں سے حکم امتناع واپس لے لئے ہیں۔ آپٹما کے سیکرٹری جنرل شاہد ستار نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ وفاقی حکومت اور آپٹما کے درمیان معاہدہ طے پا گیا ہے۔ اپٹما کے سیکرٹری جنرل شاہد ستار نے کہا کہ سوئی ناردرن بدھ سے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو یومیہ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

1

انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی وزیر ایڈہاک اپیل کمیٹی لاء اینڈ آرڈر اور سیکرٹری بلوچستان طلبہ یونین کے صوبائی چیئرمین ہدایات کی روشنی میں ترقیاتی منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کیلئے ہفتہ کے آغاز کی اولین ترجیح ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا بلوچستان بھی صوبے کی ترقی میں اہم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساتھ کیئر چلنا ہے کہ ہمارا صوبہ بھی ترقی کی راہ پر گامزن ہو کے انہوں نے تمام آفیسران کو کہتی ہے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ جاری و ختم اسکیمات میں شفافیت، احتساب اور احساس ذمہ داری کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر وقت مقررہ میں پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہداران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

2

خلاف کیسکو انتظامیہ کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ختیر آباد، جاسک، تازی، لیڈی سیت، دیگر علاقوں میں بلکی بل کے بقایاجات جمع نہ کرانے والے بیشمار صارفین کے کنکشن منقطع کر دیئے گئے ہیں۔ کیسکو آپریشن جم ایاز پرنیفٹ عادل الدین اجبار لہڑی فیری گلی گرامی ان الائن عین بن عطا محمد بنگلوری، میر سید حسن خان، ذوکی، انور بن نوشرک علی جھلکری، اسے ایم اسم قاسم علی سونگی، شرف علی شاہ کارروائی کرتے ہوئے بیشمار کنکشن منقطع کر دیئے ہیں۔ ایس ڈی او کیسکو جغرافیا ریسیڈ ایز سین شاوٹ کہا ہے کہ صارفین کو بجلی کی فراہمی میں دن رات کوشاں ہیں۔ بجلی چوروں اور بل نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ بجلیکوں میں نادہندگان کی بلکی منقطع کنکشن کو بحالی کیلئے جاب سے شہر میں قیمر قانونی کنکشن اور بل نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے اب بیشمار کنکشن غیر قانونی اور بل نادہندگان کے کنکشن منقطع کیے گئے ہیں۔ کیسکو ٹیکنیکل ٹیم کی کارروائی کو بھی سراہا گیا ہے۔ صارفین کو بھی چاہیئے کہ ہمارے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنے بل ادا کریں تاکہ جاری ہونے والے ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچ سک

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز بدھ 29 دسمبر 2021ء

ضرورت پڑنے پر اکیلے ایران کیخلاف کر سکتے ہیں، اسرائیلی وزیر خارجہ

بین الاقوامی تعاون میں کام کو ترجیح دیتے مگر ضروری ہوا تو اکیلے ہی کارروائی کریں گے، ایران کو صرف یہ فکر لاحق تھی کہ امریکا اس پر عاید کردہ پابندیاں اٹھالے، گفتگو

ہم نے اپنے اتحادیوں کے سامنے (ایران کے جوہری پروگرام کے بارے میں) کافی مضبوط انٹیلی جنس مواد پیش کیا ہے، یہ انٹیلی جنس تھی جو یہ ثابت کرتی ہے کہ ایران دنیا کو مکمل طور پر بڑے منظم طریقے سے دھوکا دے رہا ہے

تل ابیب (این این آئی) صہیونی وزیر خارجہ یائر لاپیڈ نے خبردار کیا ہے کہ اگر ناگزیر ہوا تو اسرائیل وقتِ ضرورت ایران کے خلاف تنہا کارروائی کرنے کو تیار ہے جبکہ 2015 میں طے شدہ مگر اب متروک جوہری سمجھوتے کی بحالی کے لیے ویانا میں مذاکرات کا آٹھواں دور شروع ہونے والا ہے۔ اسرائیلی اخبار کی رپورٹ کے مطابق لاپیڈ نے خارجہ امور اور دفاعی کمیٹی کو بتایا کہ ہم خود اپنا دفاع کر سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہم یقیناً بین الاقوامی تعاون میں کام کرنے کو ترجیح دیتے ہیں لیکن اگر ضروری ہوا تو ہم اکیلے ہی کارروائی کریں گے۔ وزیر خارجہ نے انکشاف کیا کہ ہم نے اپنے اتحادیوں کے سامنے (ایران کے جوہری پروگرام کے بارے میں) کافی مضبوط انٹیلی جنس مواد پیش کیا ہے۔ یہ کوئی رائے اور موقف نہیں تھا بلکہ انٹیلی جنس تھی جو یہ ثابت کرتی ہے کہ ایران دنیا کو مکمل طور پر بڑے منظم طریقے سے دھوکا دے رہا ہے۔ لاپیڈ کا کہنا تھا کہ ایران کو صرف یہ فکر لاحق تھی کہ امریکا اس پر عاید کردہ پابندیاں اٹھالے۔ اس

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

متحدہ عرب امارات میں غیر مسلم جوڑے کو پہلا میرج لائسنس جاری کر دیا گیا

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے ایک غیر مسلم جوڑے کے لیے اپنا پہلا سول میرج لائسنس جاری کر دیا، لائسنس جاری کرنے کی وجہ علاقائی حریفوں پر اپنی برتری برقرار رکھنے کی خواہش ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اماراتی دارالحکومت ابوظہبی میں کینیڈا کے جوڑے نے پہلی بار غیر مسلموں کی ذاتی حیثیت سے متعلق ایک نئے قانون کے تحت شادی کی۔ یہ اقدام دنیا بھر سے مہارتوں اور تجربے کے لیے معروف منزل کے طور پر ابوظہبی کی پوزیشن کو مستحکم کرنے میں معاون ہے۔ مشرق وسطیٰ اسلام، عیسائیت اور یہودیت کی جائے پیدائش ہے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عراقی عدالت عظمیٰ نے اکتوبر میں انتخابی نتائج کی توثیق کر دی، اپیلیں مسترد

انتخابی نتائج پر اعتراضات ووٹ کی قدر کو کمزور کر رہے ہیں، چیف جج جاسم محمد عبود نے فیصلہ سنا دیا

وفاقی عدالت نے شکایت مسترد کرنے کا حکم صادر کیا ہے اور مدعیوں کو تمام اخراجات برداشت کرنے کا کہا ہے

بغداد (این این آئی) عراق کی عدالتِ عظمیٰ نے ایران کے حمایت یافتہ شیعہ دھڑوں کی جانب سے پارلیمانی انتخابات کے نتائج کے خلاف دائر اپیلوں کو مسترد کر دیا ہے اور انتخابی نتائج کی توثیق کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کے حمایت یافتہ دھڑوں بہ شمول طاقتور مسلح گروہوں نے 10 اکتوبر کو منعقدہ پولنگ میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا الزام لگایا تھا۔ دو ماہ سے زیادہ عرصے کی تاخیر کے بعد انتخابی نتائج کی توثیق سے عراقی قانون کے تحت اب دو ہفتوں کے اندر نئی پارلیمان کا افتتاحی اجلاس منعقد کرنے کا راستہ صاف ہو گیا

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سینئر صحافی رضاء الرحمٰن سے ان کے بھائی کے وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

کورونا ویکسین سے انکار کرنیوالے بیلجیئم کے معروف کک باکسنگ چیمپئن ہلاک

کک باکسنگ چیمپئن فریڈرک سنسٹرا کی موت صرف 41 سال کی عمر میں کووڈ کے انفیکشن سے ہوئی، رپورٹ

عالمی چیمپئن کو نومبر کے آخر میں اس وقت اسپتال لے جایا گیا جب ان کے کوچ نے انہیں طبی امداد لینے پر مجبور کیا

برسلز (این این آئی) یورپ میں کرونا ویکسین کو مسترد کرنے اور کرونا کے وجود سے انکار کرنے والا شخص اسی وبا سے متاثر ہونے کے بعد انتقال کر گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بیلجیئم کے معروف کک باکسنگ چیمپئن فریڈرک سنسٹرا کی موت صرف 41 سال کی عمر میں کووڈ کے انفیکشن سے ہوئی۔ اس نے اینٹی ویکسین لینے سے انکار کر دیا تھا اور کہا تھا کہ کرونا وبا کی کوئی حقیقت نہیں۔ برطانوی اخبار کی طرف سے شائع رپورٹ کے مطابق فوت ہونے والا ہیرو انڈر ٹیکر کے نام سے جانا جاتا تھا۔ اسے بیماری لاحق ہوئی تو اسپتال لایا گیا مگر اس نے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر رائے ملاقات کر رہے ہیں

770 ارب ڈالر کا امریکی دفاعی بجٹ منظور

نیشنل ڈیفنس اتھارائزیشن ایکٹ پر دفاعی صنعت کیساتھ ساتھ مشترکہ مفادات کے حامل متعلقہ ادارے بھی کڑی نگاہ رکھتے ہیں کیونکہ یہ قانون سازی کے اس واحد حصے میں سے ہے جو ہر سال قانون بنتا ہے، امریکی میڈیا

چین اور روس کی پالیسی پر تنازعات کی وجہ سے اس حوالے سے معاملات تعطل کا شکار ہو گئے تھے اور وائٹ ہاؤس اور سینیٹ میں ڈیموکریٹس اور ریپبلکنز کے درمیان مذاکرات کے بعد نیشنل ڈیفنس اتھارائزیشن ایکٹ پر بالآخر سمجھوتہ کیا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے مالی سال 2022 کے لیے نیشنل ڈیفنس اتھارائزیشن ایکٹ پر دستخط کر کے اسے قانون کی شکل دے دی ہے جس کے تحت امریکی دفاع پر 770 ارب ڈالر خرچ کیے جائیں گے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ماہ کے اوائل میں سینیٹ اور ایوان نمائندگان نے دفاعی بل کے حق میں بھاری اکثریت سے ووٹ دیا تھا جس میں ڈیموکریٹس اور ریپبلکنز دونوں کی جانب سے محکمہ دفاع کے لیے سالانہ قانون سازی کی پالیسی کی بھرپور حمایت کی گئی تھی۔ نیشنل ڈیفنس اتھارائزیشن ایکٹ پر دفاعی صنعت کے ساتھ ساتھ مشترکہ مفادات کے حامل متعلقہ ادارے بھی کڑی نگاہ رکھتے ہیں کیونکہ یہ قانون سازی کے اس واحد حصے میں سے ہے جو ہر سال قانون بنتا ہے اور بہت سے مسائل کو حل کرتا ہے، نیشنل ڈیفنس اتھارائزیشن ایکٹ ہر سال چھ دہائیوں سے مسلسل ہر سال قانون بن رہا ہے۔ چین اور روس کی پالیسی پر تنازعات کی وجہ سے اس حوالے سے معاملات تعطل کا شکار ہو گئے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، ایم پی اے اصغر ترین کے فنڈز سے کلی شخانزئی کو واٹر سپلائی اسکیم کے افتتاح پر دعا کر رہے ہیں

سعودی عرب کا 3 پائیدار ترقیاتی اہداف کو مقامی بنانے میں کامیابی کا انکشاف

ویژن 2030 کے مقاصد کے حصول میں اہم کامیابی حاصل کر لی، اتھارٹی برائے انڈسٹریل سٹیز اینڈ ٹیکنالوجی زونز

معقول کام اور معیشت کی نمو کیساتھ ساتھ اہداف کے حصول کیلئے شراکت داری مدن کی صنعت کو بااختیار بنانے میں تعاون کرنیکی حکمت عملی کے اہم محور ہیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی اتھارٹی برائے انڈسٹریل سٹیز اینڈ ٹیکنالوجی زونز مدن نے عوامی اور نجی شعبوں کے اشتراک سے اقوام متحدہ کے 17 پائیدار ترقیاتی اہداف میں سے 13 کو مقامی بنانے میں اپنی کامیابی کا انکشاف کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مارکیٹنگ اور کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر اور سرکاری ترجمان قصی العبدالکریم نے تصدیق کی کہ مدن نے سعودی ویژن 2030 کے مقاصد کے حصول میں اپنے اہم کردار اور قومی صنعتی ترقی اور لاجسٹکس پروگرام میں اس کو سونپے گئے اقدامات کی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ترک اپوزیشن کے زیر انتظام بلدیہ استنبول کے عملہ سے جنگجو گروپوں سے روابط کی تحقیقات

انقرہ (این ای آئی) ترکی نے حزب اختلاف کے زیر انتظام بلدیہ استنبول کے عملہ کے سیکڑوں ملازمین سے عسکریت پسند گروہوں سے روابط کے الزام میں تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے جبکہ شہر کے میئر نے اس تحقیقاتی عمل پر کڑی تنقید کی ہے۔ میڈیا رپورٹس

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہالی وڈ اداکارہ نے اپنے کتے کا نام آسٹریلوی نائب وزیر اعظم کے نام پر رکھ دیا

لندن (این این آئی) ہالی وڈ اداکارہ ایمبر ہرڈ نے اپنے کتے کا نام آسٹریلیا کے نائب وزیر اعظم بارنبی جوائس کے نام پر رکھ دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق ہالی وڈ اداکار جونی ڈیپ کی سابقہ اہلیہ واداکارہ ایمبر ہرڈ اور آسٹریلیا کے موجودہ نائب

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

صحت کے امریکی ادارے سی ڈی سی نے قرنطینہ کی مدت میں کمی کر دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ادارے سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول نے قرنطینہ کی مدت کم کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سینٹر فار ڈیزیز (سی ڈی سی) کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ کورونا ٹیسٹ مثبت لیکن علامات نا

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلسطینی خاتون رہنما کی اسرائیلی جیل سے رہائی، حماس کی مبارک باد

رام اللہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے سیاسی شعبے کے سربراہ اسماعیل ہنیہ نے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

250 ملین ریال کے انعامات کیساتھ شاہ عبدالعزیز اونٹ فیسٹیول کا آغاز

فیسٹیول میں 70 سے زائد راؤنڈز کے تحت مقابلے ہوں گے اور یہ 43 دن تک جاری رہے گا، انتظامیہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے کیمل کلب کے زیر اہتمام اپنے چھٹے ایڈیشن میں شاہ عبدالعزیز اونٹ فیسٹیول کی سرگرمیاں جنوبی صیاھید میں شروع ہو گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ عبدالعزیز فیسٹیول کے اس ایڈیشن نے اپنے انعامات کی مالیت میں 250 ملین ریال تک اضافے کیا۔ اس میں 70 سے زائد راؤنڈز کے تحت مقابلے ہوں

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسکارف نہ پہننے پر ایرانی مولانا نے خاتون کے سر پر لاٹھی دے ماری

خاتون نے جواب میں مولانا کی پگڑی اتار کر سڑک پر پھینکی اور پاؤں تلے روند ڈالا، ویڈیو وائرل

تہران (این این آئی) ایران میں حکمران طبقے کی طرف سے خواتین پر اسکارف مسلط کرنے سے متعلق خبریں میڈیا کی توجہ کا مرکز رہتی ہیں۔ حال ہی میں اس حوالے سے ایک دلچسپ ویڈیو سامنے آئی جس میں ایرانی ملاؤں کی طرف سے اسکارف پہننے اور حجاب کی پابندی کرانے کے خلاف عوامی رد عمل کی عکاسی ہوتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لبنان میں 15 مئی کو پارلیمانی انتخابات منعقد کرانے کا اعلان

تارکین وطن چھ یا آٹھ مئی کو ووٹ ڈالیں گے، لبنانی وزارت داخلہ

بیروت (این این آئی) لبنان کی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ لبنان نے پارلیمانی انتخابات کے انعقاد کے لیے 15 مئی 2022 کی تاریخ مقرر کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بیان میں مزید کہا گیا کہ تارکین وطن چھ یا آٹھ مئی کو ووٹ ڈالیں گے۔ اس کا انحصار میزبان ملک پر ہے۔ لبنان کی پارلیمنٹ نے اکتوبر میں 27 مارچ

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین میں کورونا کیسز میں تیزی سے اضافہ، ژیان شہر میں سفری پابندیاں عائد

کورونا کیسز کی اطلاع پر امریکا میں 60 سے زائد کروز شپس کی مانیٹرنگ شروع، کئی بحری جہازوں کو روک لیا گیا

واشنگٹن / بیجنگ (این این آئی) چین میں کورونا وائرس کے کیسز میں تیزی کا رجحان ہے جس کے بعد چینی شہر ژیان میں سفری پابندیوں میں سختی کر دی گئی ہے۔ ژیان میں منگل سے غیر ضروری گاڑیوں کے سڑکوں پر آنے پر پابندی لگا دی گئی ہے اور خلاف ورزی کرنے والے افراد کو 10 دن پولیس کی حراست اور 500 یوآن جرمانے کا سامنا کرنا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری آر ٹے اے کوئٹہ ذوہیب اللہ کبزئی ٹریفک پولیس کے ہمراہ غیر قانونی رکشوں، سوزوکی پک اپ اور موٹر سائیکل ٹرالی کے خلاف نیو آڈہ اور سریاب روڈ پر کارروائی کر رہے ہیں

کوئٹہ، سردار نصر الدین اچکزئی ایف بی آر اور پراپرٹی ٹیکس کے خلاف منعقدہ تاجروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

برطانیہ میں کرسمس کی تعطیلات میں بھی شہری بڑی تعداد میں کورونا میں مبتلا

لندن (این این آئی) برطانیہ میں کرسمس کی تعطیلات میں بھی شہری بڑی تعداد میں کورونا میں مبتلا ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 98 ہزار سے زائد کورونا کے کیسز سامنے آ گئے جبکہ انگلینڈ کے اسپتالوں میں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلسطینی اوقاف کو بے دست و پا کرنے کی اسرائیلی سازش کا انکشاف

رام اللہ (این این آئی) فلسطینی ایوان صدر نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی ریاست نے اسلامی اوقاف اور مسجد اقصیٰ کے حفاظتی عملے کو بے دست و پا کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی اتھارٹی کے ایوان صدر کے مشیر احمد الرویضی نے کہا کہ قابض ریاست نے مسجد اقصیٰ پر اپنا تسلط مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ یہودی آباد

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل کا الاذقیہ پر فضائی حملہ، ایک شامی فوجی ہلاک

حملے کے سبب بندرگاہ کے کنٹینر اسٹوریج ایریا میں آگ لگ گئی، شامی آبزرویٹری

دمشق (این این آئی) شام کے حکومتی میڈیا نے کہا ہے کہ اسرائیلی فضائیہ نے اس کے بندرگاہی شہر الاذقیہ کے بعض ٹھکانوں کو میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ اس حملے میں شام کا ایک فوجی ہلاک ہو گیا اور اس کے علاوہ کچھ مالی نقصان بھی ہوا، شام کے سرکاری میڈیا کے مطابق منگل کی علی الصبح اس کے بندرگاہی شہر الاذقیہ پر ایک اسرائیلی فضائی حملہ ہوا، رواں ماہ

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روس کا امریکا سے اگلے ماہ سیکیورٹی مذاکرات کرنے کا اعلان

ملک کے نئے سال کی تقریبات کے فوری بعد مذاکرات ہوں گے، روسی وزیر خارجہ

ماسکو (این این آئی) روس کے سفارت کار اور فوجی عہدیدار اگلے ماہ امریکا کے ساتھ یوکرین سمیت سیکیورٹی کے دیگر مسائل پر مذاکرات کریں گے۔ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاروف نے سرکاری ویب سائٹ کو ایک انٹرویو میں بتایا کہ ملک کے نئے سال کی تقریبات کے فوری بعد مذاکرات ہوں گے۔ کریملن کے ترجمان دیمتری پاسکوف کا کہنا تھا

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بیلاروس کے صدر 2021 کے کرپٹ پرسن آف دی ایئر قرار

چھ صحافیوں کے پینل نے دنیا بھر سے 1167 نامزد افراد میں سے بیلاروسی صدر کا انتخاب کیا، رپورٹ

منسک (این این آئی) آرگنائزڈ کرائم اینڈ کرپشن رپورٹنگ پراجیکٹ (او سی سی آر پی) نے سال 2021 کی کرپٹ ترین شخصیات کی فہرست جاری کر دی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق یورپی ملک بیلاروس کے صدر الیگزینڈر جی لوکاشینکو کو منظم مجرمانہ سرگرمیوں اور بدعنوانی کو آگے بڑھانے پر 2021 کا کرپٹ پرسن آف دی ایئر قرار دیا گیا

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روس نے یوکرائن کی سرحد سے 10 ہزار فوجی واپس بلا لئے

یوکرائن کی سرحد پر تعینات فوجیوں کو واپس بلا لیا ہے، روسی وزارت دفاع کا بیان

ماسکو (این این آئی) روس نے یوکرائن کی سرحد سے 10 ہزار فوجی واپس بلا لئے، علاقے میں ایک ماہ سے جاری فوجی مشقیں بھی ختم ہو گئیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق روسی وزارت دفاع کی جانب سے کہا گیا کہ یوکرائن کی سرحد پر تعینات فوجیوں کو واپس بلا لیا ہے۔ روسی افواج کو یوکرائن کی سرحد کے ساتھ کریمیا روسٹو میں تعینات کیا گیا تھا۔ واضح

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

میانمار، حکومت کی مذمت پر اداکار کو تین سال قید بامشقت کی سزا

پینگ ٹاکون میانمار کے مشہور اداکار اور ماڈل اور ان کے سوشل میڈیا پر لاکھوں پرستار ہیں، رپورٹ

ینگون (این این آئی) میانمار کے مشہور اداکار اور ماڈل پینگ ٹاکون کو فوجی حکومت کیخلاف احتجاج پر 3 سال قید بامشقت کی سزا سنا دی گئی۔ غیر ملکی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نئی امریکی پالیسی، بعض ویزا درخواستوں کیلئے ذاتی انٹرویوز کی شرط میں نرمی

امریکی معیشت پر عارضی ورک ویزا رکھنے والوں کے مثبت اثرات کو تسلیم کر لیا، امریکی محکمہ خارجہ

بعض جگہوں پر درخواست دہندگان کو انٹرویو کی تاریخ حاصل کرنے کے لیے ایک سال سے زیادہ انتظار کرنا پڑتا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ بعض غیر تارکین وطن ویزا درخواست دہندگان کے ذاتی انٹرویوز کو حاصل استثنیٰ کی نئی امریکی پالیسی 31 دسمبر سے فعال ہو جائے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ اس اقدام کا مقصد ویزا کے انتظار کے اوقات کو کم کرنا ہے کیونکہ بعض جگہوں پر درخواست دہندگان کو انٹرویو کی تاریخ حاصل کرنے کے لیے ایک سال سے زیادہ انتظار کرنا پڑتا ہے۔ محکمہ خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ کووڈ 19 وبائی بیماری کے نتیجے میں محکمے کی ویزا

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اومی کرون تشویش کا باعث ہے، امریکی صدر بائیڈن

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کا نیا ویرینٹ اومی کرون تشویش کا باعث ہے لیکن اس سے خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کورونا کے پیش نظر وائٹ ہاؤس میں اجلاس ہوا جس میں اسٹیٹ گورنرز اور ہیلتھ ایڈوائزرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر جو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانوی دلہن کا سمارٹ طریقے سے عروسی لباس تین ڈالر میں خریدنے کا دعویٰ

رتچل نے قیمت بتانے کے لیے ٹک ٹاک پر ویڈیو شائع کی، لاکھوں صارفین نے دیکھا، دلچسپ تبصرے

لندن (این این آئی) شاندار برطانوی دلہن امریکا کے فلوریڈا کے ایک سٹور سے صرف تین ڈالر میں اپنا عروسی لباس خریدنے میں کامیاب ہو گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل نیٹ ورکس پر اپنے اکاؤنٹس کے ذریعے اپنے پرتعیش لباس کی قیمت کا انکشاف کرتے ہی فوری طور پر افراد کی لاکھوں کی توجہ حاصل کر لی۔ رپورٹ کے مطابق رتچل کونلی نامی 26 سالہ خریدار نے اپنی شادی کا جوڑا صرف 3 ڈالر میں خریدا، رتچل نے اپنے پرتعیش ریشمی عروسی لباس کی قیمت بتانے کے لیے ٹک ٹاک ایپلی کیشن کے ذریعے ایک ویڈیو شائع کی اور اس لباس

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ کوئٹہ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

سری لنکنز سے شادی کے خواہاں غیر ملکیوں کیلئے وزارت دفاع کی کلیئرنس لازمی قرار

فیصلہ قومی سلامتی کی وجوہات کی وجہ سے کیا گیا، سری لنکن رجسٹرار جنرل ڈپارٹمنٹ کا سرکلر جاری

کولمبو (این این آئی) سری لنکا کے مقامی افراد سے شادی کے خواہاں غیر ملکیوں کیلئے سری لنکن وزارت دفاع کی کلیئرنس لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سری لنکا نے قومی سلامتی کے پیش نظر غیر ملکیوں کے لیے لازمی قرار دیا کہ اگر وہ مقامی لوگوں سے شادی کرنا چاہتے ہیں تو انہیں وزارت دفاع سے کلیئرنس حاصل کرنا ہو گی۔ سری

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ وادی گولان کی حیثیت تبدیل کرنا باطل اقدام ہے، عرب لیگ

عرب لیگ مقبوضہ وادی گولان میں یہودی آبادکاری کے نئے اسرائیلی منصوبوں کو مسترد کرتی ہے، بیان

قاہرہ (این این آئی) عرب لیگ نے اسرائیل کی جانب سے مقبوضہ وادی گولان کے علاقے میں آبادکاری کے نئے منصوبوں کی مذمت کرتے ہوئے انہیں مسترد کر دیا ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق عرب لیگ کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ اسرائیل کی طرف سے مقبوضہ وادی گولان کے علاقوں کی صورت حال کو تبدیل کرنا اور

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یہودی آبادکاروں کے قبلہ اول پر دھاوے، بے حرمتی کرتے رہے

انتہا پسند یہودی شرپسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) درجنوں یہودی آبادکاروں نے اسرائیلی پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں مسجد اقصیٰ میں گھس کر مسلمانوں کے قبلہ اول کی بے حرمتی کی۔ یہودی آبادکار مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر انتہا پسند یہودی شرپسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فلسطینی محکمہ اوقاف کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ یہودی آبادکاروں، اسرائیلی طلبا اور انٹیلی جنس اہلکاروں سمیت درجنوں انتہا پسندوں نے قبلہ اول میں گھس کر اشتعال انگیز چکر لگائے۔ یہودی آبادکار مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی حکومت نے مدر ٹریسا مشنری کے تمام اکاؤنٹس منجمد کر دیئے

تنظیم قانون کے تحت بیرونی فنڈنگ کے حوالے سے شرائط پوری کرنے میں ناکام رہی

تجدید کی درخواست کی نظر ثانی کے دوران کچھ نامناسب اندراج بھی نوٹس کیے گئے، بھارتی وزارت خارجہ کا دعویٰ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی حکمراں جماعت بھارتیا جنتا پارٹی کی حکومت نے نوبیل انعام یافتہ مدر ٹریسا کے فلاحی ادارے کے بھارت بھر میں تمام اکاؤنٹس منجمد کر دیئے۔ ادھر مدر ٹریسا مشنری آف چیریٹی نے بھارت بر میں اپنے تمام اداروں کو ہدایت کی کہ وہ تنظیم کے غیر ملکی فنڈز کے اکاؤنٹ کو آپریٹ نہ کریں کیونکہ بھارتی وزارت خارجہ نے بیرون ملک سے فنڈز کی وصولی کی درخواست کی تجدید سے انکار کر دیا ہے۔ بھارتی خبر رساں ادارے کے مطابق بھارتی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ کرسمس کے موقع پر

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

قلات، ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ مہر اللہ بادینی محکمہ صحت اور دیگر لائن ڈیپارٹمنٹس کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قطر کی قابض اسرائیل کے فلسطینیوں پر حملوں کی شدید مذمت

دوحا (این این آئی) خلیجی ریاست قطر نے فلسطینی علاقوں میں اسرائیلی فوج کے وحشیانہ حملوں اور یہودی آبادکاروں کی وحشیانہ کارروائیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے فلسطینیوں کو ہر ممکن تحفظ فراہم کرنے پر زور دیا ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق قطری وزارت خارجہ کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ فلسطینی علاقوں بالخصوص مقبوضہ مغربی کنارے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دوران حمل بلڈ پریشر بچوں کی قبل از وقت پیدائش کا خطرہ بڑھائے، نئی تحقیق

حمل کے دوران بلڈ پریشر سے پیچیدگیوں اور قبل از وقت پیدائش کے درمیان ٹھوس تعلق دریافت ہوا ہے، رپورٹ

کینبرا (این این آئی) حمل کے دوران ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہونے والی خواتین کے ہاں بچے کی قبل از وقت پیدائش کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ یہ بات تو پہلے سے معلوم ہے مگر اب انکشاف ہوا ہے کہ ایسی خواتین کے ہاں مزید بچوں کی قبل از وقت پیدائش کا خطرہ 17 گنا زیادہ ہوتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات آسٹریلیا میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ کرٹین یونیورسٹی کی تحقیق میں ایک لاکھ 25 ہزار سے زیادہ خواتین کا جائزہ لیا گیا تھا جن کے ہاں 1998 سے 2015 کے دوران مسلسل بچوں کی قبل از وقت پیدائش ہوئی تھی۔ حمل کے 37 ہفتوں سے قبل پیدا ہونے والے بچوں کے لیے قبل از وقت پیدائش کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ آسٹریلیا میں ہر سال 27 ہزار بچوں کی قبل از وقت پیدائش ہوتی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پشیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایگل پلازہ، ایگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا

فون: 2835212 فیکس: 2835212

ای میل imroz.ad@gmail.com

سال کے جاتے جاتے

